© rasailojaraid.com



# تبصرۂ کتب

ادارہ

**حیاتِ فاروقِ اعظمؓ** مصنف :- امام ابوالفرج ابن جوزیؒ۔ ترجمہ و تعلیق جناب شاہ حسن عطا صاحب۔ صفحات ۴۴۸۔ قیمت چالیس روپے۔ ناشر :- قاضی حمید الدین ناگوری اکیڈمی ۹/۱۲۳۰ دستگیر فیڈرل بی ایریا کراچی ۳۸۔

امام عادل خلیفۂ راشد مراد رسولؐ سیدنا عمر بن الخطاب جیسی آتشین ولولہ انگیز عبقری، جامع، قوی الایمان شخصیت جیسی کوئی شخصیت انبیاء کرام کو چھوڑ کر ادیان و ملل کی پوری عالمی تاریخ پیش کرنے سے قاصر ہے۔ عمرؓ اُس وقت بھی اسلام کی ایک ضرورت تھے۔ اور جب تک اسلام کی شوکت و سطوت عدل و انصاف کی بالادستی اور خلافتِ رشد و ہدایت کے لئے کوئی قدم اٹھایا جائے گا، کوئی منصوبہ بنایا جائے گا حضرت عمرؓ کی سیرت و کردار ہی سے رہنمائی مل سکے گی۔ فاروقی ولولہ انگیز قیادت کی آج ملت مسلمہ کو جتنی ضرورت ہے کبھی اتنی نہ تھی مسلمان مصنفین و مؤرخین نے ہر دور میں اس پاکیزہ اور نابغۂ عصر شخصیت پر روشنی ڈالی تقریباً نو سو سال پہلے امام ابوالفرج ابن جوزیؒ نے جن کا مقام ملت مسلمہ کے مجددین میں بے حد نمایاں ہے۔ سیرت عمرؓ کے نام سے تقریباً اسی ابواب پر مشتمل سیرت لکھی یہ کتاب اتنی اہم مگر نایاب تھی کہ بیسویں صدی میں حضرت عمرؓ کے سب سے عظیم سوانح نگار علامہ شبلی نے اس کا قلمی نسخہ دیکھنے کے لئے استنبول کا سفر کیا۔ بعد میں بحمداللہ چھپ گئی مگر عربی سے اس کا وقیع مؤثر عالمانہ اور سلیس ترجمہ، تعلیق و تحقیق کی سعادت اللہ تعالیٰ نے مشہور صاحب علم و فضل شاہ حسن عطا کو بخشی جنہوں نے موجودہ شکل میں اسے اردو کا حسین جامہ پہنایا۔ رہے کتاب کے مندرجات اور تحقیقی ثقاہت تو اس کے لئے امام ابن جوزیؒ کا نام ہی کافی ہے۔

**خاتم الانبیاءؐ کے معجزات** از جناب مولانا محمد اسحاق الکشمیری المدنی۔ ناشر : مکتبہ دانشور۔ ادبی مارکیٹ چوک انارکلی لاہور۔ صفحات ۳۰۴۔ قیمت ۲۰/- روپے۔

حضور اقدسؐ کے معجزات تاریخ و سیرت کا ایک اہم مستقل موضوع۔ ہر دور میں اس پر اکابر علم و فضل نے خامہ فرسائی کی ہے۔ ہمارے عزیز دوست فاضل محترم جناب مولانا محمد اسحاق صاحب کشمیری حال مقیم دبئی متحدہ امارات علمی مشاغل اور تحریری و تصنیفی کاموں کا صاف ستھرا ذوق رکھتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں دینی کاموں کے درد اور جوش و ولولہ سے نوازا ہے حضور اقدسؐ کے معجزات پر انہوں نے اردو زبان میں ایک ایسا مجموعہ کتاب و سنت اور دیگر مستند کتابوں کو سامنے رکھ کر مرتب کیا کہ جس سے نہ صرف عوام بلکہ اہل علم بھی استفادہ کر سکیں گے۔ اللہ تعالیٰ فاضل مؤلف کی خدمات کو انکی آئندہ عظیم علمی خدمات کا پیش خیمہ بنا دے۔



© rasailojaraid.com